WestCASA

جنسی تشدد کے خلاف ویسٹرن ریجن سنٹر
(Western Region Centre Against Sexual Assault)

WestCASA میلبورن کے مغربی شہری علاقے میں موجود ایک مفت اور رازدارانہ کونسلنگ سروس ہے جو جنسی حملے سے متاثرہ افراد کی مدد کرتی ہے۔

ہمارا مقصد اپنے معاشرے میں سے جنسی تشدد کا خاتمہ کرنا ہے۔

Level 2/236 Hoppers Lane, Werribee

کاؤنسلنگ

(03) 9216 0444

دفتری اوقات کے بعد جنسی حملے کے بحران کی ہیلپ لائن:

1800 806 292

westcasa.org.au
info@westcasa.org.au

پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک

ہم ایبوریجنل اور ٹوریس اسٹریٹ آئی لینڈر لوگوں کو آسٹریلیا کے اوّلین باشندوں کے طور پر تسلیم کرتے ہیں۔ ہم Wurundjeri, Bunurong اور Wadawurrung لوگوں کو ان زمینوں کے روایتی مالکان کے طور پر تسلیم کرتے ہیں جہاں WestCASA اپنی خدمات فراہم کرتا ہے۔

ہمارا پتہ

Level 2/236 Hoppers Lane, Werribee

پارکنگ: براہ مہربانی بلڈنگ کے نیچے موجود گیٹ والے کار پارک میں اپنی گاڑی پارک کریں۔ WestCASA واپسی پر آپ کی پارکنگ کی تفصیلات کو چیک کرے گا۔ براہِ کرم کاغذی ٹکٹ ضرور لیں، کیونکہ کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ادائیگی کی تصدیق نہیں کی جا سکتی۔

پبلک ٹرانسپورٹ: Hoppers Crossing ٹرین اسٹیشن MDC سے تقریباً 1 کلومیٹر پیدل فاصلے پر ہے (نیچے بنا ہوا دائرہ دیکھیں)۔

WestCASA

جنسی تشدد کے خلاف ویسٹرن ریجن سنٹر
(Western Region Centre Against Sexual Assault)
(ABN 29 351 352 921)

Wyndham MDC
Level 2, 236 Hoppers Lane, Werribee, Victoria 3030

(03) 9216 0444 (کاؤنسلنگ) | (03) 9216 0411 (ایڈمن)
www.westcasa.org.au | info@westcasa.org.au

"کسی ایسے شخص کا ہونا جس پر میں ان باتوں کے بارے میں اعتماد کر سکوں جو میں نے کبھی کسی کے سامنے نہیں کہیں، مجھے اپنے احساسِ شرمندگی سے نمٹنے میں مدد دیتا ہے تاکہ یہ احساس میرے لیے مزید اتنا بڑا بوجھ نہ رہے۔"

جنسی حملہ کیا ہے؟

جنسی حملہ ایسا کوئی بھی ناپسندیدہ جنسی نوعیت کا رویہ ہے جس سے آپ خوف زدہ یا بے آرام محسوس کریں۔

جنسی حملے میں درج ذیل شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں:

- جنسی طور پر ہراساں کیا جانا
- ناپسندیدہ طور پر چھونا یا جسمانی قربت اختیار کرنا
- جنسی نوعیت کا اشارہ دینے والا رویہ یا تبصرے
- جنسی زیادتی
- محرم رشتوں میں جنسی تعلق (Incest)

اگر آپ وکٹوریہ پولیس سے رابطہ نہیں کرنا چاہتے تو آپ کے لیے پولیس سے رابطہ کرنا ضروری نہیں ہے۔ WestCASA کی خدمات **مکمل طور پر مفت اور رازدارانہ ہیں** اور 12 سال سے زیادہ عمر کے تمام افراد کے لیے دستیاب ہیں، خواہ ان کا پس منظر کچھ بھی ہو یا ان کے پاس کسی بھی قسم کا ویزا ہو۔

کاؤنسلنگ

WestCASA ایک محفوظ اور رازدارانہ ماحول میں مختصر سے درمیانی مدت تک کی کاؤنسلنگ خدمات فراہم کرتا ہے۔

ہم خاندان کے افراد، پارٹنرز اور دوستوں کے لیے بھی معاونت فراہم کرتے ہیں۔

WestCASA کے تمام کاؤنسلرز\ایڈووکیٹس نے جنسی بدسلوکی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے خصوصی تربیت حاصل کر رکھی ہے اور انہیں اس شعبے میں تجربہ حاصل ہے۔ ہم ابتدائی ملاقاتوں کے بعد Werribee میں روبرو اور Telehealth کے ذریعے فون پر بھی کاؤنسلنگ فراہم کرتے ہیں۔

WestCASA کی مفت اور رازدارانہ معاونت میں یہ شامل ہیں:

- ایک نشست پر مشتمل بحران کی معاونت
- مختصر معاونت (1 سے 4 نشستیں)
- طویل مدتی کاؤنسلنگ یا خصوصی معاونتی خدمات کے لیے ریفرلز
- متاثرہ افراد کے خاندان کے ارکان، پارٹنرز یا دیگر متاثرہ افراد کے لیے کاؤنسلنگ

دفتر کے اوقات کے بعد مدد Sexual Assault Crisis Line (SACL) کے ذریعے **1800 806 292** پر دستیاب ہے۔

"ملاقاتوں کے دوران آپ کی موجودگی نے میرے تجربات کی تائید ثابت کی، اور اس کے لیے میں تہہ دل سے آپ کی شکرگزار ہوں۔"

ابتدائی رابطہ اور پہلی ملاقات

جب آپ ہم سے رابطہ کریں گے تو ہم آپ کی موجودہ ضروریات پر بات کرنے کے لیے ایک ابتدائی معاونتی ملاقات کا انتظام کر سکتے ہیں۔

یہ ملاقات عموماً ذاتی طور پر یا فون پر تقریباً **ایک گھنٹے** کی ہوتی ہے۔

گروپ ورک

WestCASA سال بھر گروپ پروگرامز منعقد کرتا ہے، جن کے بارے میں ہماری ویب سائٹ **westcasa.org.au** پر معلومات دی جاتی ہیں۔

کچھ کلائنٹس اپنی انفرادی کاؤنسلنگ کے ساتھ ساتھ گروپ پروگرام میں بھی حصہ لینے کا انتخاب کرتے ہیں۔

بحران کے وقت مدد اور نگہداشت (Crisis Support & Care)

اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا حالیہ طور پر جنسی حملے کا شکار ہوا ہے (گزشتہ 14 دنوں کے دوران) تو ہم بحران کے وقت کاؤنسلنگ فراہم کرتے ہیں۔

ہم متاثرہ افراد کو جنسی جرم کی رپورٹ کرنے سے متعلق ان کے حقوق سمجھنے میں مدد کر سکتے ہیں اور Werribee MDC یا Sunshine Hospital میں طبی امداد کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔

ثانوی ملاقاتیں

WestCASA ایسے پیشہ ور افراد (اساتذہ، GPs اور سوشل ورکرز) کو مفت اور ماہرانہ مشورہ فراہم کر سکتا ہے جو جنسی تشدد سے متاثرہ افراد کی مدد کر رہے ہوں۔ اس میں خطرے کا جائزہ، لینا نگہداشت کی منصوبہ بندی اور مناسب معاونتی خدمات کی طرف ریفرل شامل ہیں۔

کسی ریفرل کی ضرورت نہیں ہے؛ آپ خود براہِ راست اس سروس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

"آپ یہاں کمزور اور بے بس محسوس کرتے ہوئے بھی خود کو محفوظ سمجھنے کا حقیقی احساس دلاتے ہیں۔ اور یہ بہت اہم ہے۔"